| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ______ |

| | |
| --- | --- |
| سبق کا نام: اذان | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اذان کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے اذان کے متعلق سوالات پوچھیں:

الف: اذان کس زبان کا لفظ ہے؟ اور اس کے کیا معنٰی ہیں؟

ب: اذان سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو بتائیں کہ دینِ اسلام میں اذان کو بہت اہمیت اور فضیلت حاصل ہے یہ امتِ مُسلمہ کی امتیازی خصوصیت ہے۔ طلبہ کو بتائیں اذان میں توحید و رسالت کی گواہی دی جاتی ہے۔ انھیں بتائیں آج ہم احادیث کی روشنی میں اذان کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 17 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ سے متن ''اذان کی فضیلت اور اہمیت'' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اذان دینے والے کو موذّن کہتے ہیں۔ دینِ اسلام کے پہلے موذّن حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔
- طلبہ کو بتائیں اذان کے ذریعے اسلام کی شان و شوکت کا بہترین عملی مظاہرہ کیا جاتا ہے یہی وجہ ہے اذان دینے والے کی اہمیت و فضیلت اور اس کا اجر و ثواب بہت زیادہ ہے۔

- طلبہ کو اذان دینے والے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ کریں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تین قسم کے آدمی مشک کے ٹیلوں پر ٹھہرائے جائیں گے، ایک وہ نیک غلام جس نے دنیا میں اللہ کا حق بھی ادا کیا اور اپنے آقا کا بھی، دوسرا وہ جو کسی جماعت کا امام بنا اور لوگ اس کی نیک عملی اور پاکیزہ سیرت کی وجہ سے اس سے راضی اور خوش رہے، تیسرا وہ جس نے دن رات کی پانچوں نمازوں کے لیے اذان دی۔ (جامع ترمذی)

  ایک اور جگہ پر آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: جس بندے نے سات سال تک اللہ تعالیٰ کے واسطے ثواب کی نیت سے اذان دی، اس کے لیے آتش دوزخ سے برآت لکھ دی جاتی ہے۔

  حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذان کہنے والے قیامت کے دن دوسروں کے مقابلے میں دراز گردن یعنی سر بلند ہوں گے۔ (صحیح مسلم)

- طلبہ کو بتائیں اذان میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی، توحید اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی جاتی ہے۔ اذان میں لوگوں کو فلاح اور کامیابی یعنی نماز کی طرف بلایا جاتا ہے۔ اذان مومن کے لیے باعثِ فرحت ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اذکار میں سے اہم ترین ذکر ہے۔

  حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم اذان کہنے والے ہم سے اجر و ثواب میں بڑھے ہوئے ہیں۔ کیا کوئی ایسا عمل ہے کہ ہمیں بھی اذان دینے والی فضیلت مل جائے؟ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہی کلمات کہا کرو جو مؤذّن کہے یعنی اذان کے جواب میں وہی کلمات دہرائے جائیں جو مؤذِّن نے کہے پھر جب تم اذان کا جواب دے چکو تو دعا مانگو! جو دعا مانگو گے دیا جائے گا۔ (سنن نسائی)

- طلبہ کو بتائیں مندرجہ بالا احادیث سے اذان کی فضیلت واہمیت کا پتہ چلتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ جب بھی اذان سنیں تو اس کے آداب کا خیال رکھیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فضیلت | فَ۔ضی۔لت | برتری |

| | | |
|---|---|---|
| اجر | اَ۔ جَر | نیک کام کا بدلہ |
| عظمت | عَظ۔مَت | بڑائی |
| فلاح | فَ۔لاح | نجات |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اذان کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ اپنی کاپی میں لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: اذان** |

سوال 1: دینِ اسلام کے پہلے موذّن کا نام لکھیں۔

______________________________

______________________________

سوال 2: اذان کے الفاظ میں کس بات کی گواہی دی جاتی ہے؟

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:7 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: اذان | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اذان کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: اذان دینے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ب: موٴذِّن کی فضیلت کیا ہے؟

ج: دینِ اسلام کے پہلے موٴذِّن کا نام بتائیں۔

طلبہ کو بتائیں اذان اسلام کی اہم ترین عبادت نماز کا اعلان ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی، وحدانیت اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رسالت کی گواہی دی جاتی ہے۔

طلبہ کو بتائیں اذان کے سننے یا ادا کرنے کے کچھ آداب ہوتے ہیں جن پر عمل کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ آج ہم انھی آداب کے بارے میں جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- سبق کا متن ''اذان کے آداب'' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو اذان دینے کے آداب سے آگاہ کریں جیسے:

⟸ اذان قبلہ رُخ کھڑے ہو کر دی جاتی ہے۔

⟸ اذان کے کلمات ٹھہر ٹھہر کر اور باآوازِ بلند ادا کرنے چاہییں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ حدیث میں ہے کہ اذان سن کر اس کا جواب دیا جائے۔
- حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا جب مؤذّن کہے (اللہ اکبر اللہ اکبر) اور اس کے جواب میں تم سے کوئی کہے (اللہ اکبر اللہ اکبر) پھر مؤذّن کہے (اشھدان الاالہ الا اللہ) اور وہ جواب دینے والا جواب میں (اشھدان الاالہ الا اللہ) کہے پھر موذن کہے (اشھدان محمد رسول اللہ) اور پھر جواب دینے والا بھی یہی جواب دے پھر جب مؤذّن (حی علی الصلوۃ) کہے تو جواب دینے والا (لاحول ولا قوۃ الاباللہ) کہے۔ پھر جب مؤذّن (حی علی الفلاح) کہے تو جواب دینے والا (لاحول ولا قوۃ الاباللہ) کہے۔ پھر مؤذّن کہے (اللہ اکبر، اللہ اکبر لاالہ الااللہ) اور جواب دینے والا (اللہ اکبر، اللہ اکبر لاالہ الااللہ) کہے۔ جس نے دل سے یہ کلمات کہے جنت میں داخل ہو گیا۔ (صحیح مسلم)
- اسی طرح حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ جو شخص مومن کی اذان سننے کے قوت (یعنی جب وہ اذان پڑھ کر فارغ ہو جائے) کہے کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور میں راضی ہوں اللہ کو رب مان کر اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو رسول مان کر اور اسلام کو دینِ حق مان کر، تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ (صحیح بخاری)
- طلبہ کو بتائیں اذان کے بعد مسنون دعا پڑھنی چاہیے۔ طلبہ کو درست تلفّظ کے ساتھ اذان کے بعد کی دعا پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں اذان دینے اور سننے کے بے شمار فضائل و برکات ہیں۔ انھیں ترغیب دلائیں کہ اذان کے احترام کی عادت اپنائیں۔ جب بھی اذان سنیں فوراً نماز کی تیاری کریں اور باجماعت نماز ادا کریں۔ اس سے اللہ تعالیٰ بھی راضی ہو گا اور ہم دنیا اور آخرت میں کامیاب ہوں گے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| راضی | را۔ ضی | خوش۔ رضامند |

| مسنون | مَس۔نُون | وہ کام جسے حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے خود کیا ہو۔ |
|---|---|---|
| دہرانا | دُہ۔را۔نا | دوبارہ کہنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(2) کے سوالات کاپیوں پر حل کروائیں۔

جزو(3)اور(4) کے سوالات طلبہ سے پوچھیں درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔طلبہ کو جزو(3)اور(4) کے سوال کتاب پر حل کرنے کی ہدایت دیں۔

**گھر کا کام:** **5منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اذان کی ابتدا کا واقعہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:________ | مضمون: اسلامیات | سبق: اذان |
|---|---|---|

سوال 1: اذان کے کوئی سے پانچ آداب بیان کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت:40منٹ | تاریخ:_______ | ہفتہ 7 | اُستاد کا نام:_______ |

| باب دوم:ایمانیات وعبادات(ب)عبادات | سبق کا نام:وُضُو |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں وُضُو نماز کے لیے ضروری ہے۔
- وُضُو کی فضیلت وآداب سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر،چاک/بورڈ،مارکر۔اسلامیات کی کتاب۔ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا تعارف لکھیں۔طلبہ کو بتائیں کہ اسلام طہارت وپاکیزگی کی تعلیم دیتا ہے۔طہارت سے مراد جسم کے مختلف اعضا کو شریعت کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق پاک اور صاف رکھنا ہے۔طلبہ کو بتائیں جسمانی اعضا کو صاف ستھرا رکھنے کا عمل ظاہری صفائی کو ظاہر کرتا ہے جس کی وجہ سے انسان کی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے۔

طلبہ سے پوچھیں ہم کس طرح پاک صاف رہ سکتے ہیں؟ان کے جوابات تسلّی سے سنیں اور تختہ تحریر پر نکات کی صورت میں لکھیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 20 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ سے ”وُضُو کی اہمیت اور فضیلت“ کا متن پڑھوائیں۔مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کے معانی بھی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر وُضُو کے لفظی معنیٰ ”روشن“ نمایاں کر کے لکھیں۔

- طلبہ کو بتائیں وُضُو سے مراد پاکیزگی حاصل کرنے کے لیے ایک خاص طریقے سے جسم کے کچھ حصّوں کو پانی سے دھونا ہے۔
- وُضُو کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن مجید میں اس کا واضح حکم موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے جب تم نماز کے لیے اُٹھو تو چاہیے کہ اپنے منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھو لو، سروں پر ہاتھ پھیر لو اور پاؤں ٹخنوں تک دھو لیا کرو"۔ (سورۃ المائدہ، آیت: 6)

- طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے وُضُو کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"میں قیامت کے روز اپنی اُمّت کے لوگوں کو پہچان لوں گا" صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے پوچھا یا رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کیسے؟ فرمایا: "ایک پہچان یہ ہو گی کہ وضو کی وجہ سے میری اُمّت کے چہرے اور ہاتھ پاؤں جگمگا رہے ہوں گے"۔ (مسلم)

ایک اور جگہ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: وُضُو کرنے سے چھوٹے گناہ دُھل جاتے ہیں اور وُضُو کرنے والا آخرت میں بلند درجات سے نوازا جاتا ہے اور وُضُو سے سارے بدن کے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

- طلبہ کو بتائیں وُضُو بہت فضیلت والا عمل ہے۔ اس سے انسان پاک صاف ہو جاتا ہے۔

ایک بار نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین سے پوچھا: اگر ایک شخص کے سامنے ایک نہر بہتی ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ بار غسل کرے تو کیا اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہے گا؟ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے عرض کیا: یا رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اس شخص کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی نہیں رہے گا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا یہی مثال اس شخص کی ہے جو روزانہ پانچ وقت نماز کے لیے وُضُو کرتا ہے اور وُضُو کرنے سے اس کا میل کچیل اور گناہ دونوں دُھل جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری)

- طلبہ کو بتائیں وُضُو کرنے سے نہ صرف طہارت حاصل ہوتی ہے بلکہ انسان کے درجات بُلند ہوتے ہیں اور وضو کرنے والے کا شمار اللہ تعالیٰ کے ہاں نیک لوگوں میں ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پاکیزگی | پا۔کی۔زَ۔گی | صفائی۔طہارت |
| بیان | ب۔یان | گفتگو |
| متعلق | مُ۔ت۔عل۔لق | تعلق رکھنے والا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(1) کے سوالات طلبہ سے پوچھیں درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان سوالات کے جوابات کاپیوں پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

وُضُو سے متعلق ایک قرآنی آیت اور حدیثِ مبارکہ کا ترجمہ اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**____________ | **مضمون:اسلامیات** | **سبق:وُضُو** |

سوال 1: وُضُو کے فوائد لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

سوال 2: کن کن مواقع پر وُضُو کیا جاتا ہے؟

________________________________________